

Helping your child with literacy and numeracy at home

Urdu

# اپنے بچے کو گھر میں پڑھائی لکھائی اور حساب کے لیے مدد دینا

NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

یہ کتابچہ سکول کے ابتدائی درجوں میں پڑھنے والے بچوں کے والدین، سنبھالنے والوں اور گھرانوں کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

اس میں ایسی بہت سی سرگرمیاں ہیں جن سے گھر میں ہونے والی اہم تحصیل علم میں مدد ملتی ہے۔ یہ سرگرمیاں اس طرح تشکیل دی گئی ہیں کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ لطف اندوز ہوں اور اسے سکول کا بہت اچھا آغاز کرنے میں مدد ملے۔

اپنے بچے کو شریک ہونے اور سرگرمیوں کے بارے میں جاننے کی ترغیب دیں اور اس کے انفرادی جوابات کے لیے مدد دیں۔

# مندرجات


| | |
|---|---|
| **پڑھائی لکھائی** | **4** |
| بولنا اور سننا | 5 |
| پڑھنا | 10 |
| ڈرائنگ اور لکھنا | 16 |
| **حساب** | **21** |
| ہندسے اور گنتی | 22 |
| جمع اور تفریق کرنا | 28 |
| پیٹرن (سلسلے) پہچاننا اور بنانا | 32 |

# پڑھائی لکھائی

## اپنے بچے کو پڑھائی لکھائی کی اہلیتوں میں بہتر بننے کے لیے مدد دینا

**پڑھائی لکھائی میں سننے، بولنے، پڑھنے، لکھنے اور ہجّے کرنے کو شمار کیا جاتا ہے۔ یہ سوچیں اور جذبات، خیالات اور آراء دوسروں کو بتانے اور زبانی اور تحریری پیغامات کا مطلب سمجھنے کی اہلیت ہے۔**



# بولنا اور سننا

بولنے اور سننے کی اہلیتیں سکول میں آپ کے بچے کی تعلیم کی بنیاد بنتی ہیں۔ یہ اہلیتیں بچے کو دوسروں سے بات کرنے، دوست بنانے اور سکول میں تمام سرگرمیوں میں فعال طور پر حصہ لینے کے قابل بناتی ہیں۔

اگر آپ گھر میں انگلش کے علاوہ کوئی اور زبان بولتے ہیں تو یہ اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کو گھر کی زبان استعمال کرنے کے لیے مدد دینا جاری رکھیں۔

# اپنے بچے کے ساتھ باتیں کرنا


- **اپنے بچے کے ساتھ** بہت سے مختلف موضوعات پر **باتیں کریں** جیسے ہر روز ہونے والی چیزوں کے بارے میں۔
- **کہانیاں سنیں اور سنائیں**، اپنی تہذیب کی کہانیاں، اپنی کہانیاں اور اپنے بچوں کی کہانیاں۔
- جب کچھ ہو رہا ہو تو ان **چیزوں کو بیان کریں یا ان کے بارے میں بات کریں**۔ مثال کے طور پر "ہم پیدل سکول جائیں گے اور پارک کے پاس سے گزریں گے۔"
- **اپنے بچے کی باتیں سنیں اور اسے باری باری بات کہنے اور سننے کی ترغیب دیں**۔ اسے دکھائیں کہ گفتگو کیسے سنی جاتی ہے اور اس میں شریک کیسے ہوا جاتا ہے۔
- گفتگو شروع کرتے ہوئے یا اپنے بچے کے ساتھ باتیں کرتے ہوئے ایسے **سوالات پوچھیں** جن کے لیے محض ہاں یا نہیں سے زیادہ جواب ضروری ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر "آپ نے آج سکول میں کیا کیا تھا؟"
- ایسے سوالات استعمال کریں جو **کیسے، کتنے یا کیوں سے شروع ہوتے ہوں**۔ مثال کے طور پر "آپ کو پارک میں کتنے پرندے نظر آ رہے ہیں؟"
- سوالات پوچھتے ہوئے **اپنے بچے کو جواب دینے کا وقت دیں**۔
- **گفتگو کو دلچسپ بنائیں**۔ مزاحیہ کہانیاں تراشیں، اپنے بچے کے ساتھ باتیں کریں اور گائیں۔


# پیغام پہنچانا


- **کہانی کو دہرائیں۔** یہ بات کریں کہ کہانی کے شروع میں، درمیان میں اور آخر میں کیا ہوتا ہے۔
- پڑھنے کے بعد **کرداروں کے بارے میں** یا کتاب کے اس حصے کے بارے میں بات کریں جو آپ کے بچے کو سب سے زیادہ پسند آیا۔
- کسی خوشی کی تقریب میں یا سکول جاتے ہوئے اس بارے میں **ایک دوسرے کو اپنے خیالات بتائیں** کہ وہاں کیا ہو سکتا ہے۔ پروگرام کے بعد یہ ذکر کریں کہ کیا ہوا تھا اور بچے سے اپنی سوچیں اور جذبات بتانے کو کہیں۔
- اپنے بچے کو خود اپنے تصوّر سے **اپنی کہانی تراشنے** کے لیے مدد دیں۔ ایسے سوالات پوچھیں کہ "آپ کی کہانی کس بارے میں ہے؟"، "کہانی میں کون کون ہے؟"، "کہانی میں کیا ہوتا ہے؟"
- **اپنے بچے کو اس کا پورا نام سکھائیں** اور پتہ، عمر، سالگرہ کا دن اور فون نمبر بھی سکھائیں۔
- سکول کے بعد اپنے بچے سے پوچھیں کہ اس کا دن کیسا گزرا اور **مزید معلومات مانگیں**، جیسے "آپ کو ایسا کیوں محسوس ہوا؟"





# آپ کے بچے کو انگلش بول چال اور الفاظ بنانے کی اہلیتیں دلانے والی کتابیں




# الفاظ بنانا

- بات کرتے ہوئے **بیانیہ الفاظ استعمال کریں۔** اگر آپ کا بچہ کہے، "وہ کتا ہے"۔ اس میں بیان کرنے والے الفاظ کا اضافہ کریں جیسے "وہ ایک چھوٹا سا، پھولا پھولا، سفید کتا ہے"۔
- اپنے بچے کو **نئے الفاظ سکھا کر** اس کی زبان بڑھائیں۔
- اپنے بچے کے ساتھ کتابیں پڑھتے ہوئے کتابوں میں استعمال ہونے والے **الفاظ کے بارے میں بات کریں۔** آپس میں الفاظ کے معانی پر بات کریں۔ ہو سکتا ہے آپ بات کرنے کے لیے نئے، دلچسپ الفاظ تلاش کرنا بھی پسند کریں۔
- نئے الفاظ کو جملے میں استعمال کرنے کی **مشق کریں۔**
- گھر کی چیزوں کے لیے **لیبل بنائیں۔**



# پڑھنا

بچے دوسروں کو پڑھتے ہوئے سن کر، دوسروں کے ساتھ پڑھ کر اور خود پڑھنے کے ذریعے سیکھتے ہیں۔


روزانہ مل کر کتابیں پڑھنے کا مزا لیں۔ موقع نکالنے کی کوشش کیا کریں جیسے سکول، کتابوں کی دکان، لائبریری اور سپرمارکیٹ جاتے ہوئے۔


کہانیوں، استعمال ہونے والی زبان، کہانی کے الفاظ کے بارے میں اور ساتھ ساتھ الفاظ کے حروف کی آوازوں پر بھی بات کریں۔ اپنے گھر کی زبان میں کتابیں پڑھیں۔


# اپنے بچے کے ساتھ ہر روز پڑھیں


- **پڑھنے کو پرلطف اور خوشگوار بنائیں۔** بچے دوسروں کو دیکھ کر، ان کی نقل کر کے اور ان کے ساتھ واسطے سے پڑھنے کے بارے میں سیکھتے ہیں۔
- **اپنے بچے کو وہ کتابیں چننے اور دوبارہ پڑھنے دیں** جن میں اسے دلچسپی ہے۔
- پڑھنا شروع کرنے سے پہلے **کتاب کے بارے میں بات کریں۔** عنوان کے بارے میں بات کریں اور یہ بھی کہ کہانی میں کیا ہو سکتا ہے۔
- **تصویروں کے بارے میں بات کریں** اور یہ بھی کہ تصویریں کہانی کی وضاحت کیسے کرتی ہیں۔
- پڑھتے ہوئے **اپنے بچے سے** کہانی کے بارے میں سوالات پوچھیں جیسے "آپ کو کیا لگتا ہے، آگے کیا ہو گا؟"، "آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے؟"
- پڑھنے کے بعد **کہانی کے بارے میں بات کری۔** ایسے سوالات پوچھیں جیسے "آپ کو کہانی کا کونسا حصہ سب سے اچھا لگا؟" یا "کہانی میں کونسی بات خوش کرنے والی، مزاحیہ یا اداس کرنے والی تھی؟"
- **باری باری** اپنے بچے اور اس کے بھائیوں، بہنوں یا دوستوں کے ساتھ ان کی پسندیدہ کہانیاں پڑھیں۔
- **پڑھنے کے لیے بہت سے مختلف مواد استعمال کریں** جیسے اخبارات، رسالے، پوسٹر، سڑکوں پر لگے سائن، کھانے کی ترکیبیں اور خریداری کی فہرستیں۔


# ہم قافیہ الفاظ والی انگلش کتابیں















# پڑھنے، زبان اور الفاظ کے ساتھ مزا لینا

- **ایسی انگلش کتابیں چنیں جن میں ہم قافیہ الفاظ** یا پہیلیاں ہوں۔
- **ہم قافیہ الفاظ کے بارے میں بات کریں۔**
Cat, hat, sat, bat سب ہم قافیہ انگلش الفاظ کی مثالیں ہیں کیونکہ یہ ایک جیسی آواز پر ختم ہوتے ہیں۔
- **ہم قافیہ الفاظ سے کھیلیں** اور انگلش میں قافیوں والی گیمز بنائیں۔ ہم قافیہ الفاظ والے جملے بنائیں جیسے
“Have you ever seen a snail deliver the mail?”











# حروف کی آوازوں کے ساتھ کھیلنا


- **حروف کی آوازوں کےساتھ مزا لیں**۔ ایک ہی آواز سے شروع ہونے والے الفاظ کو استعمال کر کے اوٹ پٹانگ جملے بنائیں۔
- جب آپ اپنے بچے کے ساتھ پڑھ رہے ہوں تو اسے ان آوازوں کی طرف اشارہ کرنے اور **آوازیں ادا کرنے** کو کہیں جن سے وہ واقف ہے۔
- اپنے بچے کے نام کے ساتھ **آوازوں کے کھیل کھیلیں**۔ سوالات پوچھیں جیسے "آپ کا نام کونسی آواز سے شروع ہوتا ہے؟"، "کیا dad اسی آواز سے شروع ہوتا ہے؟"

# انگلش حروف سے متعلق کتابیں





# ڈرائنگ اور لکھنا

اپنے بچے کو دلچسپ چیزوں کی ڈرائنگ بنانے اور ان کے بارے میں لکھنے کی ترغیب دیں۔

اپنے بچے سے اس کی ڈرائنگ اور تحریر کے بارے میں بتانے کو کہیں۔ اس کی کہانیوں میں اور اس بات میں دلچسپی لیں کہ اس نے اس طرح ڈرائنگ اور لکھنے کا انتخاب کیسے کیا ہے۔



# ہر روز لکھیں

- **ڈرائنگ اور لکھنے کا مزا لیں۔** اپنے بچے سے ان چیزوں کے بارے میں ڈرائنگ بنانے یا لکھنے کو کہیں جو اسے کرنا، بنانا یا کھیلنا اچھا لگتا ہے۔
- **اپنے بچے کو اس کی تحریر کے بارے میں بات کرنے کی ترغیب دیں۔** اس میں اس کی آڑی ترچھی لکیروں، ڈرائنگ، حروف یا الفاظ کے بارے میں بات کرنا شامل ہو سکتا ہے۔
- تصویریں بنانے اور لکھنے کے لیے **مختلف میٹریلز استعمال کریں** جیسے چاک، کاغذ اور پنسلیں، مارکر اور پین۔
- اپنے بچے سے **اس کا نام لکھنے کو کہیں۔** آپ کا بچہ ان لوگوں کے نام لکھنے کی کوشش بھی کر سکتا ہے جو اس کے لیے اہم ہیں۔
- جس دوران آپ کا بچہ لکھ رہا ہو یا ڈرائنگ کر رہا ہو، **ان تصویروں اور حروف کی آوازوں کے بارے میں بات کریں** جو وہ لکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔
- **اپنے بچے کو اس کی تصوّراتی قوت استعمال کرنے** اور کہانیاں بنانے **کی ترغیب دیں۔** بچہ کہانی کی تصویریں بنا کر اور الفاظ لکھ کر ایک کہانی کی کتاب بنا سکتا ہے۔
- اپنے بچے کو **اس کے گھر کی زبان میں پیغامات لکھنے** کے لیے مدد دیں۔



# کسی مقصد کے لیے ڈرائنگ کرنا یا لکھنا

- **اپنے بچے کو ان چیزوں کی ڈرائنگ کرنے یا لکھنے کی ترغیب دیں** جیسے خریداری کی فہرست، یا خاندان میں اس کے محبوب شخص یا اسکی پسندیدہ کتاب کے بارے میں ڈرائنگ کرنا یا لکھنا۔
- **ایک گیت یا نظم بنائیں** اور وہ الفاظ لکھیں یا ایسی تصویر بنائیں جو اس گیت یا نظم سے تعلق رکھتی ہو۔
- جب بچہ ڈرائنگ یا لکھنے میں مصروف ہو تو **اسے یہ بیان کرنے کو کہیں** کہ وہ کیا ڈرائنگ کر رہا ہے یا لکھ رہا ہے۔
- بچے کو کسی دوست یا رشتہ دار کو ایک **خط لکھنے** کی ترغیب دیں جس میں وہ کسی دلچسپ، مزاحیہ یا خوش کن واقعے کا ذکر کرے۔
- **ایک کتابچہ، جرنل یا ڈائری رکھیں** جس میں آپ کا بچہ روزانہ لکھ سکتا ہو یا ڈرائنگ کر سکتا ہو۔
- کسی تہوار یا خاص موقعے کے لیے **کارڈ بنائیں** یا دعوت نامہ بنائیں۔



# پیغامات کے بارے میں بات کریں

- اپنے بچے سے **ایک پیغام بنانے** کو کہیں جو وہ بھیجنا چاہے گا۔ یہ کوئی پوسٹر ہو سکتا ہے جیسے "کتے سے خبردار" یا اس کے استاد کے نام ان چیزوں کے بارے میں خط ہو سکتا ہے جو کرنا اسے پسند ہے۔
- اپنے بچے کے کلچر، تجربے اور دلچسپی سے تعلق رکھنے والے **روزمرّہ الفاظ استعمال کریں**۔
- **ایسی کہانیوں یا خطوط کے بارے میں بات کریں** جو آپ کے بچے نے لکھے ہوں یا آپ نے مل کر پڑھے ہوں۔
- باتیں کرتے ہوئے، اپنے بچے کو **بہت سے مختلف الفاظ استعمال کر کے فقروں میں بات کرنے** کے لیے مدد دیں۔







# حساب

## اپنے بچے کو حساب کی اہلیتیں بڑھانے کے لیے مدد دینا

حساب میں یہ سمجھنا شامل ہے کہ روزمرہ مواقع پر ہندسوں کا کیا کام ہے۔

ہم روزانہ ہندسے دیکھتے اور استعمال کرتے ہیں۔ جب ہم پڑھ رہے ہوں تو صفحے پر ہندسے لکھے ہوتے ہیں، ہمارے گھر پر بھی ایک ہندسہ لکھا ہے اور جب ہم کچھ خریدتے ہیں تو ہندسوں کو جمع اور تفریق کرتے ہیں۔

اپنے بچے کو حساب کی طرف مثبت رویّہ پیدا کرنے کے لیے مدد دیں۔

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے گھر کی زبان میں حساب کی اہلیتیں بڑھائیں۔



# ہندسے اور گنتی

ایک اہلیت جو بچے چھوٹی عمر میں حاصل کر لیتے ہیں، وہ گنتی ہے۔ گنتی میں یہ شامل ہے:


- ہندسوں کو درست ترتیب میں بولنا اور یادداشت سے بتانا
- تعداد والے الفاظ کو چیزوں سے میچ کرنا
- یہ پتہ ہونا کہ چیزیں گنتے ہوئے جو آخری ہندسہ بولا گیا تھا، وہ چیزوں کی کل تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

## استعمال کرنے کے لیے الفاظ

- سیدھی گنتی، الٹی گنتی
- ایک ہندسے سے پہلے کا اور بعد کا ہندسہ
- --- سے زیادہ، --- سے کم
- برابر۔

# انگلش ہندسے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 0 | zero | 1 | one |
| 2 | two | 3 | three |
| 4 | four | 5 | five |
| 6 | six | 7 | seven |
| 8 | eight | 9 | nine |
| 10 | ten | | |



# ہندسوں کے بارے میں سیکھنے کی ترغیب دینے والی سرگرمیاں


- **ایسی ڈائس استعمال کریں جس پر ہندسے اور نقطے بنے ہوتے ہیں**، اس طرح آپکے بچے کو ہندسے اور مقداریں پہچاننے میں مدد ملے گی۔ اپنے بچے سے پوچھیں، "ڈائس پر کتنے نقطے بنے ہیں؟"
- **آپس میں ایسی بورڈ گیمز کھیلیں** جن میں ڈائس اور گنتی کا استعمال ہوتا ہے۔
- **کہانیاں پڑھیں اور ایک دوسرے کو سنائیں**۔ گنتی، مقداروں اور صفحہ نمبر سمیت کتاب میں نظر آنے والے ہندسوں کے بارے میں بات کریں۔
- **باہر پیدل چلتے ہوئے اپنے بچے کو ہندسے تلاش کرنے کے لیے کہیں**۔ بچے سے پوچھیں، "آپ کو کونسا ہندسہ نظر آ رہا ہے؟" مکانوں کے نمبروں، گاڑیوں کی نمبر پلیٹوں اور سڑک پر لگے سائنز کے بارے میں بات کریں۔
- روزمرہ چیزوں جیسے کلاک اور فون پر موجود **ہندسوں کے بارے میں بات کریں**۔ اپنے بچے کو یادداشت سے کارآمد نمبر بتانے کے لیے مدد دیں۔

# چیزوں یا نقطوں کی تعداد پہچاننا


## ڈائس پر نقطوں سے بنے پیٹرن



## نقطوں سے بنے پیٹرن




## Domino میں نقطوں سے بنے پیٹرن



# اپنے بچے کے ساتھ گننا


- **گھر میں کام کاج کرتے ہوئے گنتی کریں۔** مل کر آسان ترکیبوں سے پکوان بنائیں اور اپنے بچے کو اجزا گننے کے لیے کہیں۔
- جب گھر والے مل کر کھانا کھانے لگیں تو **اپنے بچے کو میز پر برتن لگانے کی ترغیب دیں۔** اسے بتائیں کہ وہ لوگوں کی تعداد اور میز کے لیے درکار پلیٹوں، پیالیوں، کانٹوں اور چمچوں کی تعداد گنے۔
- جب بچہ اپنی سکول شرٹ کے بٹن بند کر رہا ہو تو **اس کے ساتھ مل کر بٹنوں کی تعداد گنیں۔**
- اپنے بچے سے **گننے کے لیے کہیں** کہ اس کے لنچ باکس میں **کتنی چیزیں ہیں۔**
- **سیدھی گنتی گنیں۔** روزمرّہ چیزیں جیسے گاڑیاں، مکانات، جوتے اور تھیلے گنیں۔
- **الٹی گنتی گنیں۔** سیڑھیاں اترتے اور چڑھتے ہوئے۔ 10 ,9 ,8۔۔۔

# گنتی والے انگلش گیت




- Here is the Beehive
- Five Little Ducks
- The Ants Go Marching
- One, Two, Buckle My Shoe
- Five Cheeky Monkeys Jumping on the Bed
- Ten Green Bottles


# ہندسوں اور گنتی سے
# متعلق انگلش کتابیں














# جمع اور تفریق کرنا

چھوٹے بچوں کو جمع اور تفریق کی سمجھ پیدا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس میں دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو ملا کر دیکھنا اور چیزوں کو نکالنا اور الگ کرنا شامل ہے۔

## استعمال کرنے کے لیے الفاظ

- شامل ہونا، جڑنا، مل کر بننا
- چھوٹا یا کم، بڑا یا زیادہ
- سب ملا کر
- نکالنا یا تفریق کرنا
- اور کتنے زیادہ

# جمع کرنے کی ترغیب دینے والی سرگرمیاں

- **روزمرہ چیزوں کی تعدادیں جمع کریں** جیسے کھلونے، پھل، کتابیں۔ بچے اپنی انگلیوں پر جمع کا حساب لگا سکتے ہیں۔
- جب آپ چل رہے ہوں تو **ان مختلف چیزوں کی تعداد جمع کرتے جائیں** جو آپ کو نظر آئیں جیسے باغیچے میں پھول۔
- کیلنڈر پر، اپنے بچے سے ان دنوں پر نشان لگانے کو کہیں جب وہ سکول گیا تھا یا جب اس نے کوئی اور سرگرمی کی تھی۔ ہفتے کے آخر میں **ہر سرگرمی والے دنوں کو جمع کریں۔**
- جب آپ خریداری کر رہے ہوں تو اپنی ضرورت کی چیزوں کے بارے میں بات کریں۔ **سوالات پوچھیں** جیسے "گھر میں سب لوگوں کے لیے کتنے کیلے چاہیئں؟ اگر میں ایک کیلا اور لے لوں تو ہمارے پاس کتنے کیلے ہو جائیں گے؟"
- **ایسی گیمز کھیلیں جن میں دو ڈائس استعمال کرتے ہوئے جمع** کا حساب کیا جا سکتا ہے جیسے ”Snakes and Ladders“۔








# تفریق کرنے کی ترغیب دینے والی سرگرمیاں

- **روزمرہ چیزوں کو تفریق کریں۔** بچے کے لنچ باکس میں چیزیں گنیں اور پھر چیزیں نکالتے ہوئے تفریق کرتے جائیں۔
- **کچھ کھاتے ہوئے گنیں کہ آپ کے پاس کتنی چیزیں ہیں۔** سوالات پوچھیں جیسے "آپ نے کتنے انگور کھائے ہیں؟ کتنے انگور باقی ہیں؟"
- جب آپ چیزیں نکال رہے ہوں تو **اپنے بچے سے کہیں کہ وہ فرق نوٹ کرتا جائے** جیسے ڈبے میں سے انڈے نکالتے ہوئے یا کیلوں کے گچھے میں سے کیلے نکالتے ہوئے۔
- "Five Little Ducks" جیسے **گیت گائیں** جن میں ایک ایک کر کے تعداد کم کی جاتی ہے۔
- **سوالات پوچھیں** جیسے "ہمارے پاس برتن میں پانچ سیب ہیں۔ اگر میں دو سیب کھا لوں تو کتنے سیب باقی بچیں گے؟"

# جمع اور تفریق کے
# بارے میں انگلش کتابیں










# پیٹرن (سلسلے) پہچاننا اور بنانا

پیٹرن سے مراد ایک دہرایا جانے والا سلسلہ ہے۔ شکلوں، آوازوں، ہندسوں یا چیزوں سے پیٹرن بنایا جا سکتا ہے۔

بچے روزمرہ سرگرمیوں کے ذریعے پیٹرن پہچاننا، بتانا، بنانا، نقل کرنا اور جاری رکھنا سیکھتے ہیں۔





## استعمال کرنے کے لیے الفاظ

- دہرانا
- جاری رکھنا
- بنانا
- پہچاننا
- بیان کرنا
- پیٹرن
- ایک جیسا
- مختلف

## پیٹرن پہچاننا اور بتانا


- **پیٹرن پہچان کر بتائیں** جیسے گفٹ پیپر، غسلخانے کی ٹائلوں اور ڈرائیو وے کے پیٹرن۔ مختلف پیٹرنز کے بارے میں بات کریں اور یہ ذکر کریں کہ کونسی خصوصیات اسے ایک پیٹرن بنا رہی ہیں۔
- **پیٹرنز کے متعلق بات کریں۔** ایسے سوالات پوچھیں جیسے "یہ پیٹرن کیوں ہے؟" "کیا آپ یہ پیٹرن بنانا جاری رکھ سکتے ہیں؟"
- **کارڈوں، dominoes یا ڈائس کے ساتھ گیمز کھیلیں** تاکہ آپ کے بچے کو پیٹرن پہچاننے میں مدد ملے۔

# پیٹرن نقل کرنا


- تالیاں بجانے والے کھیل کھیلیں جن میں آپ **تالی سے پیٹرن** بنائیں گے اور آپ کا بچہ اس پیٹرن کو دہرائے گا۔ اپنے بچے کو تالی سے پیٹرن بنانے کو کہیں اور آپ اس پیٹرن کو دہرائیں۔
- **مل کر پیٹرن استعمال کرتے ہوئے کھانے کی میز پر برتن لگائیں** جیسے پلیٹ اور چمچ، پلیٹ اور چمچ، پلیٹ اور چمچ۔


# پیٹرن بنانا


- **روزمرہ چیزوں سے پیٹرن بنائیں** جیسے کھلونوں اور پھلوں سے۔
- **سادہ پیٹرنز سے آغاز کریں** اور پھر **زیادہ مشکل** پیٹرنز بنائیں جیسے ایک سیب، دو کیلے، ایک سیب، دو کیلے، ایک سیب، دو کیلے۔




# پیٹرنز کے متعلق انگلش کتابیں






# آپ کے بچے کو انگلش پڑھائی لکھائی کی اہلیتیں بڑھانے میں مدد دینے والی کتابیں

## بول چال اور الفاظ بنانے کے لیے کتابیں

Dunbi the Owl – Daisy Utemorrah, editor Pamela Lofts. Scholastic Australia

Possum Magic – Mem Fox, illustrator Julie Vivas. Omnibus Books

Splosh for the Billabong – Ros Moriarty, illustrator Balarinji. Allen and Unwin

The Day the Crayons Quit – Drew Daywalt, illustrator Oliver Jeffers. Harper Collins Children's Books

The Echidna and the Shade Tree – Mona Green, editor Pamela Lofts. Scholastic Australia

The Little Refugee – Anh and Suzanne Do, illustrator Bruce Whatley. Allen & Unwin Children

The True Story of the 3 Little Pigs – Jon Scieszka, illustrator Lane Smith. Penguin

The Very Cranky Bear – Nick Bland. Scholastic Australia

## ہم قافیہ الفاظ والی کتابیں

Miss Spider's Tea Party – David Kirk. Scholastic Inc

No Way Yirrikipayi! – Alison Lester. Pan Macmillan Australia

Pig the Pug – Aaron Blabey. Scholastic Australia

Piranhas Don't Eat Bananas – Aaron Blabey. Scholastic Australia

Oi Cat! – Kes Gray, Jim Field. Hachette Australia

Sebastian Lives in a Hat – Thelma Catterwell, illustrator Kerry Argent. Omnibus Books

Walking Through the Jungle – Stella Blackstone. Barefoot Books

The Cat in the Hat – Dr Seuss. Random House

## حروف کے متعلق کتابیں

ABC Dreaming – Warren Brim. Magabala Books

Animalia – Graeme Base. Picture Puffins

Dr Seuss's ABC – Dr Seuss. Random House

I Spy, An Alphabet in Art – Lucy Micklethwait. Greenwillow Book

یہاں دی گئی کتابوں کو پڑھائی لکھائی اور حساب سے متعلق کئی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**ہماری ویب سائیٹ پر جائیں**
**اور مزید وسائل دیکھیں جن سے آپ کے بچے کو**
**سکول کے بہت اچھے آغاز میں مدد ملے گی:**

**education.nsw.gov.au/lit-and-num-at-home**




# آپ کے بچے کو حساب کی اہلیتیں بڑھانے میں مدد دینے والی انگلش کتابیں

## ہندسوں اور گنتی کے متعلق کتابیں

Counting on Community – Innosanto Nagara. Seven Stories .Press, Penguin

Counting with Tiny Cat – Viviane Schwarz. Walker Books

Five Little Ducks – Penny Ives. Child’s Play International Ltd

One is a Snail, Ten is a Crab – April Pulley Sayre and Jeff Sayre, illustrator Randy Cecil. Scholastic Australia

One Woolly Wombat – Kerry Argent. Scholastic Australia

Ten Black Dots – Donald Crews. Scholastic Australia

Ten Little Dinosaurs – Mike Brownlow, illustrator Simon Rickerty. Orchard Books

,Ten Little Jarjum – Tabulam Aboriginal Community members editors Suzi Williams and Kate Merrifield. NSW Board of Studies

Ten Scared Fish – Ros Moriarty, illustrator Balarinji. Allen and Unwin

## جمع اور تفریق کے متعلق کتابیں

Five Little Monkeys Play Hide-and-seek – Eileen Christelow. Houghton Mifflin

Ten Little Beasties – Rebecca and Ed Emberley. Macmillan

Ten Little Fingers and Ten Little Toes – Mem Fox, illustrator Helen Oxenbury. Puffin Books

Ten Little Ladybugs – Melanie Gerth, illustrator Laura Huliska-Beith. Intervisual Books Inc

There Were 10 in the Bed – illustrator Wendy Straw. Sweet Cherry Publishing

The Shopping Basket – John Burningham. Random House

Uno's Garden – Graeme Base. Penguin Books, Puffin

## پیٹرن بنانے کے متعلق کتابیں

Anno's Counting Book – Mitsumasa Anno. Harper Collins

Caterpillar and Butterfly – Ambelin Kwaymullina. Fremantle Press

One fish, two fish, red fish, blue fish – Dr Seuss. Random House

The Very Hungry Caterpillar – Eric Carle. Hamish Hamilton Press

© State of New South Wales (Department of Education), 2020.

The copyright material published in this resource is subject to the Copyright Act 1968 (Cth) and is owned by the NSW Department of Education or, where indicated, by a party other than the NSW Department of Education (third-party material).

Copyright material available in this resource and owned by the NSW Department of Education is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International (CC BY 4.0) licence. This licence allows you to share and adapt the material for any purpose, even commercially.

Attribution should be given to © State of New South Wales (Department of Education), 2020.

Material in this resource not available under a Creative Commons licence:

- the NSW Department of Education logo, other logos and trademark-protected material
- material owned by a third party that has been reproduced with permission.
  You will need to obtain permission from the third party to reuse its material.

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل کو فون کریں۔ اگر اپنا سوال پوچھنے کے لیے آپکو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

NSW GOVERNMENT

NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن